ظاہر ہوتا ہے۔

صفحہ ۳۲ پر ایک جگہ "صاحب العزام" لکھا ہے یہ بظاہر کتابت کی غلطی ہے۔ یہ "صاحب مثیر الغرام" ہونا چاہئے۔ "مثیر الغرام الساکن الی بلد اللہ الحرام" امام ابن الجوزی کی ایک کتاب کا نام ہے جو اسی موضوع پر لکھی گئی ہے۔ کتاب کی قیمت کم ہوتی تو اچھا تھا بہرحال کتاب مفید اور معلومات افزا ہے۔ امید ہے کہ عازمین حج اس سے مستفید ہونگے۔

(ط)

تیسیر القرآن حصہ اول مرتبہ سید حامد علی صاحب تقطیع خورد ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات ۹۶ کتابت طباعت ٹائٹل سب معیاری قیمت =/۳

پتہ: ادارۂ شہادت حق ۱۰۸۰ جامع مسجد دہلی۔ ۱۱۰۰۰۶

ادھر کچھ عرصہ سے عرب ممالک کی اقتصادی وسیاسی اہمیت کے ساتھ ساتھ عربی زبان کی اہمیت بھی قدرتی طور پر بڑھی ہے اسی کا نتیجہ ہے کہ تھوڑے سے عرصے میں عربی زبان سکھانے والی بہت ساری کتابیں منظر عام پر آگئی ہیں۔

پیش نظر کتاب بھی اس راہ کی ایک اچھی کوشش ہے فاضل مرتب نے مبتدیوں کی رعایت سے اس بات کی کوشش کی ہے کہ گرامر (عربی صرف ونحو) کے بغیر ایک عام اردو پڑھا لکھا آدمی عربی کی شدبد حاصل کرے، خاص طور پر اس کتاب میں ان لغات اور ان الفاظ پر توجہ دی گئی ہے جو قرآن مجید میں استعمال ہوتے ہیں۔

کتاب کی خصوصیات خود اس کے پیش لفظ کے مطابق یہ ہیں:-

"(۱) قرآن مجید کے جو الفاظ اردو زبان میں رائج ہیں ابتدائی اسباق میں زیادہ تر انھی کو استعمال کیا گیا ہے۔ تاکہ پڑھنے والا عربی سے مانوس ہو جائے۔

(۲) کتاب کے تقریباً سارے عربی الفاظ، جملے اور ٹکڑے قرآن مجید سے ماخوذ ہیں جس سے آپ کے علم قرآن میں بہت کچھ اضافہ ہوگا۔ (۳) اسباق کے بعد ہلکے پھلکے انداز میں مختصر سی گرامر بھی بتا دی گئی ہے۔ (۴) زبان اور گرامر کی مشق کے لئے ... عربی میں

(باقی صفحہ ۱۰۲ پر)